اخبار و افکار

وقائع نگار

مکہ مکرمہ

۱۴ مارچ ۱۹۷۴ء کو مکہ مکرمہ میں موتمر المنظمات الاسلامیہ کا انعقاد ہوا۔ یہ کانفرنس رابطہ عالم اسلامی نے طلب کی تھی، اس کا مقصد یہ تھا کہ مسلمانوں کی جو انجمنیں اور جمعیتیں دنیا کے مختلف حصوں میں کام کر رہی ہیں، ان کے اعمال میں ربط پیدا کیا جائے اس میں مختلف ممالک سے انجمنوں کے نمایندوں نے شرکت کی۔ اس میں باھمی تبادلۂ خیال کے علاوہ تبلیغ اسلامی کے لئے لائحہ عمل بنایا گیا۔ جہاں مسلمانوں کی تعداد کم ھے وھاں کی انجمنوں کے نمایندوں نے اپنے اپنے کاموں کی تفصیلات بیان کیں، ان کی امداد کے لئے راھیں پیدا کی گئیں اور مختلف کاموں کی سر انجام دھی کے لئے ذیلی مجالس کی تشکیل عمل میں آئی۔

مرکزی حکومت پاکستان کے سکریٹری قانون جناب جسٹس محمد افضل چیمہ صاحب نے اس کانفرنس میں شرکت کی۔ آزاد کشمیر کے صدر حکومت جناب سردار عبدالقیوم صاحب نے بھی ایک خصوصی دعوت پر اس کانفرنس کو مخاطب کیا۔ اور مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کے حال زار سے شرکائے کانفرنس کو باخبر فرمایا۔ الاستاذ توفیق عویضہ نے مصری انجمنوں کی نمایندگی کی۔

اس کانفرنس کا افتتاح شاہزادہ امیر فواز بن عبدالعزیز نے کیا۔

ڈبلن

آئرلینڈ کے دارالحکومت شہر ڈبلن میں مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد

ہے ۔ وهاں مسلمانوں کی ایک جمعیة بھی قایم ہے ۔ یہ جمعیة بڑا اچھا کام کررھی ہے ۔ سعودی عرب کے بادشاہ جلالة الملک فیصل نے اس جمعیة کی درخواست پر مرکز شبان المسلمین قایم کرنے کے لئے مبلغ سترہ هزار اسٹرلنگ پاونڈ کا گراں قدر عطیه دیا ہے ۔ اس رقم سے وهاں نوجوانان اسلام کا ایک مرکز قایم کیا جائے گا ۔

بنکاک

تھائی لینڈ سیام میں تیس لاکھ سے زیادہ مسلمان رہتے ھیں ۔ ان لوگوں نے پچھلے ماہ میں اپنی ایک مرکزی انجمن الحزب الاسلامی التایلندی کے نام سے بنالی ہے ۔ اس کا دفتر تھائی لینڈ کے دارالحکومت شہر بنکاک میں قایم کیا گیا ہے ۔ اس کے صدر جناب ماینوینگ منتخب ہوئے ھیں ۔ سارے ملک کی بکھری ہوئی چھوٹی چھوٹی انجمنوں کا مرکزی انجمن سے الحاق کردیا گیا ہے ۔

شہر بنکاک کی تقریباً گیارہ لاکھ کی آبادی میں دولاکھ سے زیادہ مسلمان ھیں ۔ یہ اکثر و بیشتر شہر کے محنت کش اور کاریگر طبقه سے تعلق رکھتے ھیں ۔ کچھ تھوڑے سے تجارت پیشه بھی ھیں ۔

بیروت

یہودیوں کی جدید ترین شرارت یہ ہے کہ انھوں نے ایک بڑی تعداد میں قرآن مجید کا ایک محرف نسخه شایع کیا ہے ۔ اس نسخه کے اوپر ''مصحف الحرمین،، چھپا ہوا ہے ۔ آخر میں لکھا ہے کہ یہ نسخه دارالاندلس للطباعة والنشر، بیروت میں چھپا ہے ۔ اس نسخه میں سے بہت سی آیتیں اور متعدد سورتیں نکال دی گئی ھیں ۔ سورة الحجرات، سورة ق، سورة الذاریات، سورة الطور اور سورة النجم بالکلیه خارج کردی گئی ھیں ۔ اس کے علاوہ بہت سی سورتوں سے آیات

خارج کردی گئی ہیں ۔ اور بہت سی سورتوں میں دوسری سورتوں کی آیتیں جا بجا لگادی گئی ہیں ۔

اس نسخہ کے خلاف عربی اخبارات خصوصاً اخبار العلم مراکش میں مضامین شایع ہورہے ہیں ۔

کولالم پور

ملیشیا کے صدر مقام کولالم پور میں ۲۸ سربرآوردہ غیر مسلموں نے بطیب خاطر اسلام قبول کیا ۔ ان نو مسلم بھائیوں کے اعزاز میں نائب وزیر اعظم ملیشیا نے ایک دعوت دی جس میں بعض مسلم ممالک کے سفراء نے بھی شرکت کی، اپنے نئے بھائیوں سے گرم جوشی سے ملے اور ان کے لئے استقامت و توفیق خیر کی دعاء کی۔